## سوال

(280)کسی شخص کو بیماری کی حالت میں احتلام ہوا الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی شخص کو بیماری کی حالت میں احتلام ہوا وہ شخص پنج وقتی نماز کا پابند ہے۔ کسی حال میں اس کی نماز ترک نہ ہوئی ہے۔ اب حالت بیماری کی وجہ اگر وہ پانی سے غسل کرے تو اس کو تکلیف اور خطرہ ہے۔ ایسی حالت میں کیا وہ غسل کرے کیا تیمم سے پاک ہو کر نماز ادا کرے۔ دونوں میں سے کونسی صورت اختیار کر کے عمل کرے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید اور حدیث شریف میں بیمار جنب کو تیمم کی اجازت ہے۔ جب تک پانی استعمال نہ کر سکے۔ صرف تیمم سے نماز پڑھ سکتا ہے۔

فتاویٰ ثنائیہ

**جلد01 ص483**

محدث فتویٰ